**27/06/2026**

**9.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**خبروں کا بلٹن لیکر میں طارق احمد**

**وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح Seychelles کے تین روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہوں گے جہاں وہ Seychelles کے قومی دن کی گولڈن جوبلی تقریبات میں مہمانِ ذی وقار کے طور پر شرکت کریں گے۔ وہ Seychelles کے صدر ڈاکٹر پیٹرک ہرمینی سے ملاقات، قومی اسمبلی سے خطاب اور بھارتی تارکین وطن سے بات چیت کریں گے۔**

**وزیر داخلہ**

**وزیر داخلہ امت شاہ نے، منشیات سے پاک بھارت کے نظریے کو حاصل کرنے کیلئے ایک تفصیلی لائحہ عمل پیش کیاہے۔ انسداد منشیات کے بیورو کے ذریعہ منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران، وزیر داخلہ نے 2026 سے 2029 تک کیلئے منشیات کی کنٹرول سے متعلق ایک ویژن دستاویز کا جاری کیا۔**

**اس سے قبل، نئی دلی میں Narco-Coordination سینٹر NCORD کی دسویں اعلیٰ سطحی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے زور دیا کہ منشیات کی لعنت سے قومی سلامتی، سماجی استحکام، اقتصادی مفادات ،نوجوانوں اور ملک کے مستقبل کو لاحق خطرات سے اثر دار طریقے سے نپٹنے کی ضرورت ہے۔**

**-----Amit -----**

**جلوس**

**لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے کہا کہ حضرت امام حسین ؑ نے بے لوث خدمت، ایثار اور معاشرے کے پسماندہ ور کمزور طبقے کے ساتھ ہمدردی کا ایسا ابدی پیغام دیا جو ہر دور میں اِنسانیت کے لئے مشعلِ راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کو چاہیے کہ وہ ان کی عظیم سیرت، اعلیٰ**

کردار اور اخلاقِ حسنہ سے سبق حاصل کرے نیز حق، انصاف اور انسانیت کے راستے پر ثابت قدمی سے چلے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کل زڈی بل سرینگر میں برآمد کئے گئے ذوالجناح جلوس میں شرکت کی ۔ جلوسِ عزا میں عزاداروں میں شربت اور دیگر مشروبات بھی تقسیم کئے۔

اس دوران نیشنل کانفرنس کے اہتمام سے سرینگر کے علمگری بازار چوک میں ایک سبیل لگائی گئی۔ اس موقعے پر پارٹی کے نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، اُن کے مشیر ناصر اسلم وانی اور ترجمانِ اعلیٰ تنویر صادق نے تقریب میں شرکت کرکے عزاداروں میں مشروبات تقسیم کئے ۔

## LG ملاقات

Tatkare پٹرولیم اور قدرتی گیس سے متعلق پارلیمانی قائمہ کمیٹی کے چیئرمین سنیل دتاترے کی قیادت میںایک وفد نے لوک بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران جموں و کشمیر میں پٹرولیم، قدرتی گیس اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

دریں اثناءڈوڈہ کے ممبر اسمبلی معراج الدین ملک نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی۔

## وزیر اعلیٰ ملاقات

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر مینجموں کشمیر کے سابق گورنر این این ووہرا کے ساتھ ملاقات کی ۔ انہوں نے جمونکشمیر سے جڑے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔

اس سے قبل بہار کی قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر ڈاکٹر پریم کمار اور ہماچل پردیش کے وزیر تعلیم روہت ٹھاکر نے بھی وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کی ۔

## پولیس سربراہ

جمونو کشمیر پولیس کے سربراہ نلن پر بھات نے کل شام پولیس کنٹرول سرینگر میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں 3 جولائی سے شروع ہونے والی شری امر ناتھی یاترا کے حوالے سے کئے جا رہے سلامتی بندو بست کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں جموں زون میں کئے گئے سیکورٹی انتظامات کا احاطہ کیا گیا۔اس موقعے پر پولیس سربراہ نے امر ناتھ یاترا کے پر امن انعقاد اور یاتریوں کی سلامتی کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے تمام ایجنسیوں کو آپسی تال میل بنائے رکھنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے تمام افسران کو ہدایت دی کہ وہ چوکس رہ کرکسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشہ ورانہ طور پر تیار رہیں۔میٹنگ میں سپیشل ڈی جی پی،جی او سی26 ڈویژن

جموںزون ،آئی جی پیز،ڈی آئی جیز اور ایس ایس پیز کے علاوہ دیگر سلامتی ایجنسیوں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی ہے۔

**من کی بات**

وزیر اعظم نریندر مودی اس ماہ کی 28تاریخ یعنی کل اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں مختلف موضوعات پراظہا رخیال کریں گے۔ یہ اس پروگرام کی 135ویں قسط ہوگی ۔ پروگرام صبح11بجے آکاشوانی اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر براڈ کاسٹ کیا جائے گا۔ پروگرام اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلز پر بھی لائیو PMOنیوز ،DDنیوز ، AIR کو سٹریم کیا جائے گا ۔

**پاسپورٹ**

سرکار نے پاسپورٹ کی اجرائی کیلئے درخواست کی فیس میں اضافہ کیا ہے ۔ وزارت خارجہ کی ایک نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ تتکال اسکیم کے تحت پاسپورٹ کی اجرائی کی فیس اب 5ہزار روپے ہوگی ، جبکہ معمول کے تحت اجراءکئے جانے والے پاسپورٹ کی فیس 3ہزار5سو روپے ہوگی ۔ فیس کی نئی شرحوں کا اطلاق یکم جولائی سے ہوگا۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت18 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ26 اعشاریہ 6 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ